# راولپنڈی ادارہ وامراض قلب، راولپنڈی

## نیلامِ عام برائے ٹک شاپ

**Reference No: RIC/PO/125/23, Dated: 17-07-2023**

1۔ درخواست دہندہ کا نام وفون نمبر:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2۔ والد کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

3۔ موجودہ پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

4۔ مستقل پتہ بمہ پولیس اسٹیشن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

5۔ قومی شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# شرائط

ٹینڈر جمع کروانے کی آخری تاریخ **29-07-2023 وقت 11:00** بجے صبح، بولی **31-07-2023 وقت 11:30** بجے صبح ہوگی۔

6۔ ٹھیکہ **01-08-2023** سے **30-06-2024** تک ہوگا۔

7۔ محفوظ بولی سالانہ **-9,900,000** روپے ہوگی۔

8۔ متعلقہ ٹھیکدار کو ٹینڈر فارم کے ساتھ -/1,500,000 روپے کا کال ڈیپازٹ بنام ایگزیکٹوڈائریکٹر آر۔آئی۔سی (قابل واپسی) لگانا ضروری ہے ورنہ وہ بولی میں حصہ نہ لے سکے گا۔

9۔ کامیاب بولی دہندگان کو کنٹریکٹ کی حتمی رقم کا 50% موقع پر جمع کروانا ہوگا بشمول ٹیکس اور باقی رقم کنٹریکٹ کے 14 دن کے اندر جمع کروانی ہوگی عدم ادائیگی کی صورت میں بولی دہندہ کا معاہدہ منسوخ کر دیا جائے گا اور دوسرے بولی دہندہ کو کنٹریکٹ دے دیا جائے گا۔ اور جمع شدہ رقم اور کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی جس کے خلاف کسی وقت بھی عدالت میں اپیل نہ ہو سکے گی۔

10۔ بولی منظور ہونے کے بعد ٹینڈر فارم کے ساتھ منسلک کال ڈیپازیٹ بطور کارکردگی جمع کر لی جائیگی جو ہسپتال انتظامیہ کے پاس ٹھیکے کی مدت ختم ہونے تک رہے گی۔

11۔ کامیاب ٹھیکدار کسی دوسرے کو اپنا ٹھیکہ منتقل نہیں کر سکے گا۔

12۔ صرف موجودہ جگہ پر کاروبار کی اجازت ہوگی اور کے علاوہ ہسپتال میں کسی جگہ ٹک شاپ، جوس کارنر، دہی بھلے اور چاٹ لگانے کی اجازت نہ ہوگی۔ خلاف ورزی کرنے پر ٹینڈر منسوخ کمیٹی جرمانہ یا ٹھیکہ منسوخ بھی کر سکتی ہے۔

13۔ ٹھیکیدار نادہندہ ہوگا تو اس کے خلاف اراضی شماریات کے قانون کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔

14۔ ہسپتال ہذا اور منظور شدہ ٹھیکدار کے مابین معاہدہ اشٹام پیپر پر ہوگا۔

15۔ اگر کوئی تنازع ہو جاتا ہے تو ایگزیکٹوڈائیریکٹر جو بھی فیصلہ کرے گا وہ حتمی اور آخری ہوگا اور متعلقہ ٹھیکدار اس کا پابند ہوگا۔

16۔ اگر ٹھیکیدار کا کام تسلی بخش نہ ہوا تو ایگزیکٹوڈائیریکٹر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی وقت بھی ٹینڈر منسوخ کر سکتا ہے۔

17۔ متعلقہ ٹھیکدار کو پانی، بجلی، گیس کے ماہانہ بل ہر ماہ کی 10 تاریخ کو ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ رقم ٹائم پر جمع نہ کروانے پر کنکیشن فوراً منقطع کر دیئے جائیں گے۔ منقطع کنکیشن بحال کرنے کا خرچہ بھی ٹھیکدار کے ذمہ ہوگا۔ (ٹھیکیدار سب میٹر لگوائے گا اور اس کے مطابق بل ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر ہسپتال انتظامیہ کا مقرر کردا ماہانہ بل ادا کرنا پڑے گا)

18۔ متعلقہ ٹھیکدار اپنے عملہ کے تمام افراد کو سکیورٹی کلیرنس کے بعد ہسپتال کی انتظامیہ کے پاس رجسٹرڈ کرائے گا۔

19۔ متعلقہ ٹھیکدار ایسا کوئی ملازم نہیں رکھے گا جسے کوئی موزی بیماری ہو۔

20۔ متعلقہ ٹھیکدار ٹک شاپ کی صفائی کا ذمہ دار ہوگا۔ ٹھیکدار اپنی مدد آپ کے تحت اسکی رینویشن کر سکے گا۔

21۔ تمام اشیاء ریٹیل ریٹ قیمت پر فروخت کی جائیں گی نیز جن اشیاء کے ریٹ درج نا ہوگے انکے ریٹ کا تعین ہسپتال انتظامیہ کرے گی اور ملازمیں کو تمام اشیاء 5% ڈسکاونٹ پر فروخت ہوں گی

22۔ اگر متعلقہ ٹھیکدار ریٹ سے زیادہ وصول کرتا پایا گیا تو ایگزیکٹوڈائیریکٹر متعلقہ ٹھیکدار کو جو جرمانہ کریں کے وہ جمع کروانا ہوگا ریہ فیصلہ قطعی اور حتمی ہوگا جس کے خلاف کوئی اپیل نہ ہوگی۔

23۔ سرکاری واجبات کے علاوہ ہسپتال ہذا متعلقہ ٹھیکدار کے کسی بھی لین دین کا ذمہ دار نہ وہ گا۔

24۔ ٹھیکے کی مدت کے دوران حکومت کی طرف سے کسی قسم کا ٹیکس بھی ٹھیکدار دینے کا پابند ہے۔

25۔ ٹک شاپ میں ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر واضح کر کے لگانی ہوگی اور زائد چارجیز پر مبلغ دس ہزار روپے (-/10,000) جرمانہ ہوگا جو کہ ٹھیکدار کو جمع کروانا لازمی ہوگا۔

26۔ متعلقہ ٹھیکیدار ملازمین کی ریٹ لسٹ میں تبدیلی نہیں کر سکتا۔ جو کہ زیر دستخطی سے منظور شدہ ہو گی۔

27۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ یا ان کی طرف سے مجاز آفیسر ٹک شاپ / فلاور شاپ کی صفائی وغیرہ چیک کرے گا اور اس میں کوئی خرابی پائی گئی تو مبلغ پانچ سو روپے (500/-) یا اس سے زیادہ جرمانہ کر سکے گا جو کہ متعلقہ ٹھیکیدار کو دینا لازمی ہو گا۔

28۔ متعلقہ ٹھیکیدار ٹک شاپ / فلاور شاپ کی جگہ سے از خود تجاوز نہیں کریگا۔

29۔ ٹک شاپ / فلاور شاپ کے ملازمین وردی میں ہوں گے اور بیج ضرور ہو جو کہ سکیورٹی کے حوالے سے بہت ضروری ہے۔

30۔ راؤنڈ کے اوقات میں کسی بھی ٹک شاپ / فلاور شاپ کے ملازم کو وارڈ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہو گی۔

31۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کر دے۔

32۔ ٹھیکیدار کو 10% انکم ٹیکس با قاعدگی سے جمع کرانا ہو گا۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ کے تمام ٹیکسیس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

33۔ اگلے سال کے لیے نیا ٹینڈر مکمل ہونے تک 10% اضافہ کے ساتھ کنٹریکٹ جاری رکھ سکے گا۔

34۔ سنٹرل کنٹریکٹ ہونے کی صورت میں ٹھکیدار کیفیٹیریہ کو 15 دن کے اندر خالی کرنے کا مجاز ہو گا۔ جو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

35۔ کوئی شخص/فرم ٹھکیدار بننے کا اہل نہیں ہو گا جسکے زمے سرکاری ادارے کے واجبات ہوں گے۔

36۔ کوئی شخص/فرم اہل نہیں ہو گی جو دوالیہ قرار دی گی ہے۔

## درج ذیل کاغذات جمع کروانا لازمی ہیں:۔

(i) ٹینڈر خریدنے کی رسید

(ii) 1,500,000/- روپے کا کال ڈیپاذٹ بنام ایگزیکٹو ڈائریکٹر راولپنڈی انسٹیٹوٹ آف کارڈیالوجی راولپنڈی

(iii) نادرہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی

(iv) بینک بیلنس (Last one year bank balance statement)

(v) بیانِ حلفی (اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ) دینا لازمی ہو گا کہ متعلقہ ٹھیکیدار یا اس کا پارٹنر بلیک لسٹ نہیں ہے اور نا ہی کسی قانونی مقدمہ میں ملوث ہے۔

(vi) بولی دہندہ ٹینڈر کی تمام شرائط وضوابط کو قبول کرنے کا حلف نامہ جمع کروائے گا۔

(vii) تین پاسپورٹ سائز تصاویر جو کسی گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق شدہ ہوں۔ ایک فرنٹ دو بیک

(viii) سرکاری اداروں سے متعلقہ ٹھیکے کا تجربہ کا سرٹیفیکیٹ لگانا ضروری ہے۔ (نیز تمام واجبات بھی ادا کیے ہوں)

(ix) متعلقہ ٹھیکیدار کے پاس نیشنل ٹیکس نمبر ہونا لازمی ہے۔

(x) انکم ٹیکس سے فرم کے ایکٹو سٹیٹس کا سرٹیفیکیٹ۔

(xi) فوڈ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری کردہ فرم کا ویلڈ (Valid) لائسنس۔

(xii) پروفیشنل ٹیکس سرٹیفیکیٹ

(xiii) گزشتہ سال کے ٹیکس کے گوشوارے

متعلقہ ٹھیکیدار کے دستخط------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر------------------------------------------

پورا نام اور پتہ بمہ ربڑ سیل (شناختی کارڈ کے مطابق)------------------------------------------

------------------------------------------

**گواہ**

نام------------------------------------------ دستخط ------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر------------------------------------------